# 6493 ـ کیا بیوی حرام اشیاء کی فروخت کرنے والے خاوند سے حج کا خرچہ حاصل کرلے

**سوال**

میرا خاوند ہوٹل کا مالک ہے اوراس میں شراب اورخنزیر کی فروخت کرتا ہے ، میرے دوبچے بھی ہیں میں ان شاء اللہ دوسال کے بعد حج کرنا چاہتی ہوں ، میرے خاوند نے کہا ہے کہ حج کاسارا خرچ وہ برداشت کرےگا اس لیے کہ میری کوئي آمدنی نہیں اورنہ ہی میں یہ چاہتی ہوں کہ میرے بچوں کی تربیت کوئي دوسرا شخص کرے توکیا یہ جائز ہے ؟

مجھے کیا کرنا چاہیے ؟ مجھے علم ہے کہ میں اورمیرے بچے ابھی چھوٹی عمر کے ہیں لیکن میں حج کرنا چاہتی ہوں لھذا مجھے کیا کرنا ہوگا ؟

**پسندیدہ جواب**

الحمد للہ.

ہم نے مندرجہ ذیل سوال فضیلۃ الشیخ عبداللہ بن جبرین حفظہ اللہ تعالی کےسامنے رکھا :

ایک شخص شراب اورخنزیرفروخت کرتا ہے ، کیا اس بیوی کے لیے فریضہ حج کی ادائیگي کے لیے خاوند سے حج کا خرچہ لینا جائز ہے ؟

توشیخ حفظہ اللہ تعالی کاجواب تھا :

نہیں ۔۔۔۔ جائز نہیں اوراس عورت کا شمار حج کی طاقت نہ رکھنے والوں میں گا ۔.